


قصیدہ بردہ

ترجمہ

- فارسی منظوم
- سرائیکی منظوم
- اردو منظوم
- انگریزی نثر

ڈاکٹر مہر عبدالحق ایم۔ اے، پی۔ ایچ۔ ڈی

سرائیکی ادبی بورڈ
حسن پروانہ روڈ۔ ملتان

یکے از مطبوعاتِ سرائیکی ادبی بورڈ ملتان
سلسلہ نمبر ۷

آنکہ عشقِ مصطفٰے سامانِ اُوست
بحر و بر در گوشۂ دامانِ اُوست

پروفیسر ... احتظار

قصیدۂ بُردہ

مع فضائل و آدابِ تلاوت و فرہنگ

۱۔ فارسی (منظوم) ۲۔ سرائیکی (منظوم)

۳۔ اُردو (منظوم) ۴۔ انگریزی (نثر)

ڈاکٹر مہر عبدالحق ایم۔ اے، پی۔ ایچ۔ ڈی،
ڈبلیو۔ پی۔ ای۔ ایس (ریٹائرڈ)

- نام کتاب ــــــ چار ترجموں والا قصیدۂ بُردہ
- مترجم و مؤلف ــــــ ڈاکٹر مہر عبدالحق، ایم۔ اے، پی۔ ایچ۔ ڈی
- ــــــ ۳۹۲۷۔ وال وٹ، حسن پروانہ روڈ، ملتان
- طبعِ اوّل ــــــ ۱۹۷۸ عیسوی
- تعداد ــــــ ایک ہزار
- قیمت ــــــ ۱۰/-
- کاتب ــــــ خلیل الرحمٰن چشتی روزنامہ "امروز" ملتان
- طابع ــــــ المطبعة العربية
مقابل منشی چیمبر، پرانی انارکلی، لاہور۔ پاکستان
- ناشر ــــــ سرائیکی ادبی بورڈ، حسن پروانہ روڈ ملتان

ملنے کا پتہ

۱۔ مترجم و مؤلف ۲۔ ناشر

۳۔ فاروقی کتب خانہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

۴۔ کاروان بک سنٹر۔ ملتان چھاؤنی

ارشادِ عالیہ غزالیٔ وقت حضرت علامہ سید احمد سعید کاظمی صاحب مہتمم مدرسہ انوار العلوم ملتان

آقائے نامدار تاجدارِ مدنی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی نعت پاک میں بے شمار قصیدے عربی، فارسی، اُردو وغیرہ زبانوں میں لکھے گئے اور اُن میں بکثرت قصائد نے اہلِ ذوق سے دادِ تحسین حاصل کی۔

لیکن علامہ بُوصیری رحمۃ اللہ علیہ کے قصیدہ بُردہ شریف کی عظمت و بلندی تک کوئی نہ پہنچ سکا قصیدہ بُردہ کے علمی، ادبی محاسن کے علاوہ اُسکی سب سے بڑی خوبی اور امتیازی شان یہ ہے کہ بارگاہِ نبوت میں اُسے عظیم شرفِ قبولیت حاصل ہوا۔

اُس کا والہانہ اندازِ بیان اہلِ محبت کے دِل کی گہرائیوں میں اُتر جاتا ہے۔ عشاق بارگاہِ نبوت کو اُس کے ایک ایک لفظ سے عشق و محبت رسُول صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی لذت حاصل ہوتی ہے۔

قصیدہ بردہ شریف کی بہت سی شروح نظر سے گذریں لیکن زیرِ نظر شرح اپنی مثال آپ ہے۔

ملتان کی مشہور و معروف علمی و ادبی شخصیت جناب ڈاکٹر مہر عبدالحق پی۔ ایچ۔ ڈی نے سلیس فارسی اور اُردو زبان میں قصیدہ بُردہ شریف کا منظوم ترجمہ کیا ہے اور ساتھ ہی انگریزی میں بھی اُس کے مطالب بیان کئے ہیں اس طرح آپ نے صرف علمی و ادبی خدمت ہی انجام نہیں دی بلکہ فاضل مؤلف نے تعلیم یافتہ طبقہ کو قصیدہ بُردہ شریف کی عظمت اور اُس کے ظاہری و باطنی محاسن سے روشناس کرا کے بہت ہی نفیس انداز میں اُنہیں عشق و محبت رسُول صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کا درس بھی دیا ہے۔

زیرِ نظر ترجمہ قصیدہ بُردہ شریف کے چیدہ چیدہ مقامات میں نے دیکھے ہیں حقیقت یہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب موصوف نے بڑی محنت اور کاوش سے یہ ترجمہ اور اُس کے مطالب لکھے ہیں اور اُسکی ترتیب میں جو علمی انداز اختیار کیا ہے وہ آپکی علمی و ادبی صلاحیتوں کا بہترین شاہکار ہے۔ فاضل مصنف کیلئے میرے دل کی گہرائیوں سے دُعائیں نکلتی ہیں اللہ تعالیٰ آپکی اِس پاکیزہ محنت کو قبول فرمائے اور زیرِ نظر کتاب کو اہلِ علم اور صاحبانِ ذوق کیلئے نافع بنائے۔ میں جناب ڈاکٹر صاحب موصوف اور قصیدہ بُردہ شریف کے قارئین کرام کو اسکے پڑھنے کی اجازت دیتا ہوں، اللہ تعالیٰ برکت کے ساتھ کامیابی و کامرانی عطا فرمائے۔ آمین

سید احمد سعید کاظمی، مہتمم مدرسہ انوار العلوم ملتان، ۱۳ مئی ۱۹۷۸ء

ارشادات گرامی

جناب مولانا مفتی محمد عبد اللہ صاحب شیخ التفسیر مدرسہ قاسم العلوم ملتان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامداً و مصلیاً۔ امّا بعد، بندہ نے ڈاکٹر مہر عبد الحق صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ کا تالیف کردہ چار ترجموں و الاقصیدۂ بُردہ، مع فضائل و آدابِ تلاوت و فرہنگ پڑھا اور خود مُصنّف سے کچھ اشعار کا ترجمہ سُنا اور ان کے اشاریہ (اشخاص و مقامات) سے پانچواں پیرا "نفس و شیطان" کا مطالعہ کیا اور بھی بعض مقامات سے ملاحظہ کیا۔ مصنف کی محنت اور کوشش کی داد دیئے بغیر دل کو مطمئن نہیں کیا جا سکتا۔ نیز مترجم کا عشق و محبت بھی ان اشعار سے واضح ہو رہا ہے۔ بندہ دل و جان سے دست بدعا ہے کہ اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ ان تراجم کو اس طرح شرفِ قبولیت عطا فرمائے جس طرح علامہ بُوصیری رحمۃ اللہ علیہ کے قصیدہ کو شرفِ پذیرائی نصیب فرمایا ہے۔ آمین۔

آخر میں بندہ بھی مترجم سے طالبِ دُعا ہے کیونکہ اس ترجمہ کی توفیق بھی باری تعالیٰ کے فضل و کرم کا نتیجہ ہے۔ اللہ تعالیٰ حسنِ خاتمہ اور عافیت نصیب فرما دیں، اور ہر قسم کے فتن (ما ظہر منہا و ما بطن) سے بندہ کو اور بندہ کے متعلقین کو محفوظ فرما دیں۔

محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ

بحضورِ ربّ العزّت

تو غنی از ہر دو عالم من فقیر

روزِ محشر عذر ہائے من پذیر

یا اگر بینی حسابم ناگزیر

از نگاہِ مصطفیٰ پنہاں بگیر

○

در حضورِ رسالت مآبؐ

(علّامہ اِقبالؒ)

گردِ تو گردد حریمِ کائنات — از تو خواہم یک نگاہِ التفات

اَے پناہِ مَن حریمِ کوئے تو — مَن باُمیدے رسیدم سُوئے تو

چُوں بصیریؒ از تو می خواہم کشُود — تا بہ من باز آید آں رُوزی کہ بود

مہرِ تو بر عاصیاں افزوں تر است — در خطا بخشی چو مہرِ مادر است

با پرستارانِ شب دارم ستیز — باز روغن در چراغِ من بریز

تا ز غیر اللہ ندارم ہیچ اُمیدؔ
یا مرا شمشیر گرداں یا کلیدؔ

بسمِ اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

قصیدۂ بُردہ کی تعریف و توصیف اکثر و بیشتر بزرگانِ دین اور اساتذہ کرام کی زبانی سُنی تھی۔ اس کی فصاحت و بلاغت، شگفتگیٔ بیان، اور تاثیرِ کلام سے متعلق بھی بہت سی روایات پہنچی تھیں۔ لیکن اس کے پڑھنے، سمجھنے یا اس سے استفادہ کرنے کا موقع نصیب نہیں ہوا تھا۔ ۲۴ اگست ۱۹۷۷ء کو اچانک میرے نظامِ تنفس میں خرابی پیدا ہوگئی۔ اور اتنی شدت اختیار کرگئی کہ جان کے لالے پڑ گئے۔ ڈاکٹروں کی رائے تھی کہ دل کے براہِ راست متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔ اس لئے چار پانچ ماہ تک ذہنی اور جسمانی محنت سے مکمل اجتناب ضروری ہے۔ چنانچہ روزمرہ کے معمولات پر پابندی لگ گئی۔ چلنا پھرنا موقوف ہوگیا۔ لکھنے پڑھنے کی عمر بھر کی عادت جو طبیعتِ ثانیہ بن چکی تھی جبراً چھڑا دی گئی۔ عام غذا سے پرہیز کسی حد تک گوارا تھا لیکن سگرٹ اور حقّے کا شجرِ ممنوعہ قرار دیا جانا بہت صبر آزما تھا۔ لہٰذا ذہنی کوفت سے نجات دلانے کے لئے مسکّن ادویات کا سہارا لیا گیا۔ جن کے زیرِ اثر مجھے طوعاً و کرہاً نیند کی آغوش میں چلا جانا پڑتا۔ شام کے قریب آنکھ کھلتی۔ گھر والے روزہ افطار کر رہے ہوتے اور ٹیلی وژن پر ایک بہت ہی باخبر، عالم و فاضل بزرگ پانچ منٹ کے لئے "آج کا دن" کے عنوان پر تقریر فرما رہے ہوتے چونکہ ان کی تقریر کا موضوع ان واقعات کا بیان کرنا تھا جو رمضان المبارک کی متعلقہ تاریخ کو عالمِ اسلام میں رُونما ہوئے تھے، اس لئے میں اُن کی مختصر مگر پُر مغز تقریر کو پُورے انہماک سے سُنتا تھا۔ ایک دن اُنہوں نے علامہ بُوصیری رح

کے حالاتِ زندگی بیان کئے اور اِن کے شہرۂ آفاق "قصیدۂ بُردہ" کے فضائل گنوائے۔ جب اُنہوں نے یہ ارشاد فرمایا کہ اِس عظیم قصیدے کے ترجمے دُنیا کی اکثر و بیشتر زبانوں میں ہو چکے ہیں۔ لیکن انگریزی میں کوئی قابلِ قدر ترجمہ موجود نہیں ہے تو معاً میرے دل میں خیال پیدا ہوا کہ اللہ تعالےٰ توفیق ارزانی فرمائے تو یہ کام میں ہی کیوں نہ مکمّل کر لوں۔ ترجمہ کرنا آسان کام نہیں ہے۔ خاص طور پر عربی زبان کی فصاحت و بلاغت کو انگریزی یا کسی بھی دُوسری زبان میں منتقل نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن عشق، مشکلات کے بحرِ عمیق کو بھی پایاب بنا دیتا ہے میں نے تہیّہ کر لیا کہ خواہ کچھ ہو جائے اپنی سی کوشش ضرور کروں گا۔ چنانچہ جو بھی احباب عیادت کے لئے آتے میں اُن سے یہی گزارش کرتا کہ قصیدۂ بُردہ کے جدید اور قدیم، قلمی اور مطبوعہ، مُشترح یا غیر مُشترح جتنے بھی نسخے دستیاب ہو سکیں مجھے لا دیجئے۔ میں اپنے تمام دوستوں کا ممنونِ احسان ہوں کہ اُنہوں نے میرے جنُون کی قدر کرتے ہوئے ہر قسم کے نسخے جمع کر دیئے اور میں نے ڈاکٹروں کی تمام ہدایات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے، بلکہ اُن کی صریح خلاف ورزی کرتے ہوئے ترجمے کا کام شروع کر دیا۔ اِس ضمن میں کیا کیا دُشواریاں پیش آئیں اور اُن میں سے ہر ایک کِس طرح خود بخود حل ہوتی چلی گئی اس کا ذکر بے محل ہو گا۔ بس اللہ تعالےٰ کا ہزار ہزار احسان ہے کہ اُس نے مجھ جیسے بے بضاعت انسان کو عُمر کے ترسیٹھویں برس میں اور وہ بھی شدید علالت کے دوران یہ سعادت بخشی فارسی، سرائیکی، اُردو کے منظوم ترجمے اور انگریزی کا نثری ترجمہ قارئین کرام کے سامنے ہے۔ اگر اِن تراجم میں کوئی کوتاہی آپ کو نظر آئے تو للہ مجھے معاف کر دیجئے۔ اور اگر کوئی خوبی دکھائی دے تو اس کی تحسین کا حقدار اُس ذاتِ اقدس کو سمجھئے جس کا نورِ لم یزل تا ابد بھٹکی ہوئی انسانیت کی رہنمائی کرتا رہیگا۔

بہ مصطفیٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست

قصیدۂ بُردہ کے شارحین میں سے جناب ابُوالبرکات عبدالمالک خانصاحب کا اسمِ گرامی ہمیشہ سرِفہرست رہے گا۔ آپ کی رائے اِس قصیدے کے محاسن کے بارے میں یہ ہے۔ کہ "یہ ایسا قصیدہ ہے کہ فصاحت و بلاغت اور اخلاص و محبت کے لحاظ سے حضور علیہ السّلام کی نعت میں آج تک اِس شان کا کوئی قصیدہ نہیں لکھا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ اس کے ایک ایک شعر بلکہ ایک ایک لفظ میں تاثیر ہے۔ اور بعض شعروں کی تاثیر تو ایسی ثابت ہوئی ہے کہ بڑے بڑے صالحین اور عام لوگوں نے اس کے متعلق متواتر شہادت دی ہے جس کی نسبت شک کرنا خلافِ اخلاص ہے"۔

قصیدے کے ناظم علامہ بوصیری کے حالات "فوات الوفیات از محمدؐ بن شاکر کبتی"، "حسن المحاضرۃ از شیخ الاسلام جلال الدّین سیوطی"، "کشف الظنون از حاجی خلیفہ کاتب چلپی"، "لٹریری ہسٹری آف دی عربز از آر۔ اے نکلسن"، "انسائیکلو پیڈیا آف اسلام مطبوعہ لیڈن"، وغیرہ بہت سی مستند کتابوں میں ملتے ہیں۔ قصیدے کی مقبولیت اور فنی محاسن کے لئے علی محسن صدّیقی صاحب کی کتاب بُردۃ المدیح شائع کردہ مکتبۂ اسحاقیہ جونا مارکیٹ، پھول چوک کراچی ۲ قابلِ قدر ہے۔

ناظم علیہ الرحمۃ کا نام امام شرف الدّین ابُوعبداللہ محمدؐ بن سعید بن عماد بن محُسن بن عبُداللہ بن منہاج بن بلال منہاجی ہے۔ آپ بُوصیری کے لقب سے مشہُور ہیں۔ مغربی الاصل ہیں۔ دُلاّص میں پیدا ہوئے اور بوصیر میں جو ملک مصر کے ایک گاؤں کا نام ہے نشو و نما پائی۔ آپ شوال کے پہلے سہ شنبہ ۶۰۸ ہجری مطابق ۷ مارچ ۱۲۱۳ عیسوی میں پیدا ہوئے۔ تاریخِ وفات ۶۹۴ یا ۶۹۵ ہجری ہے، بعض کتب میں ۶۹۶ ہجری بھی درج ہے۔ گویا ۸۸ سال کی عمر پائی۔ امام بُوصیری

کسی بادشاہ کے مُشیر تھے۔ آپ نے بادشاہ کی تعریف میں کئی قصیدے لکھے۔ حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی نعت میں اس قصیدے کے علاوہ اُن کے اور بھی بہت سے قصائد ہیں۔ مگر جس قصیدہ نے انہیں رُوشناس خاص وعام کیا وہ اُن کا قصیدۂ بُردہ ہے۔ یہ اُن کے محرابِ شہرت کا کلیدی پتھر ہے۔ عربی نعت گو شعراء میں حضرت حسّان بن ثابت رضی اللہ عنہٗ کے بعد جس شاعر کے کلام کو سب سے زیادہ شہرتِ عام اور بقائے دوام کے دربار میں بار ملا وہ امام محمد بن سعید بوصیریؒ ہیں۔

اِس قصیدہ کی نسبت یہ روایت بھی مُستند کتب میں بالتّواتر ملتی ہے کہ علّامہ بُوصیری ایک دن بادشاہ کے دربار سے واپس آرہے تھے تو راستے میں انہیں اُن کے دوست شیخ ابورجا رحمۃ اللہ علیہ جو قطبِ وقت اور صالح و متقی بزرگ تھے مل گئے۔ شیخ نے پُوچھا بُوصیری کیا آج رات تمہیں خواب میں حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی زیارت نصیب ہوئی ہے؟ آپ نے جواباً کہا کہ نہیں ہوئی تاہم اِن کے دِل میں ایک خاص جذبۂ شوق پیدا ہُوا۔ اور وہ اِسی جذبے میں سرشار رہے۔ خود کہتے ہیں کہ میں گھر میں آکر سو گیا اور شوقِ زیارت میں محو تھا۔ خواب میں آنحضورؐ جلوہ افروز ہوئے اور میں نے چند قصائد حضورؐ کی بارگاہ میں پڑھے اُن میں ایک قصیدہ مُضریّہ تھا اور دُوسرا محمدیّہ تھا جس کا مطلع یہ تھا۔

مُحَمَّدٌ اَشْرَفُ الْاَعْرَابِ وَالْعَجَمِ
مُحَمَّدٌ خَیْرُ مَنْ یَّمْشِیْ عَلٰی قَدَمٖ

اِس واقعے کے بہت عرصے کے بعد علّامہ بُوصیری پر فالج کا حملہ ہُوا۔ علاج معالجے میں کوئی کسر نہ اُٹھا رکھی گئی مگر مرض بڑھتا گیا۔ جوں جُوں دوا کی اب نوبت انتہائی مایُوسی تک پہنچ چکی تھی۔ جب شفایابی کی کوئی اُمید باقی نہ رہی تو اچانک بُوصیری کے دِل میں خیال پیدا ہُوا۔ کہ سب طبیب آزما چکا ہُوں جسم کا نچلا دھڑ

بالکل بے کار ہو چکا ہے۔ معالج ہمت ہار چکے ہیں۔ دوست احباب اور خویش و اقارب سب کے سب ساتھ چھوڑ گئے ہیں۔ ہاں البتہ ایک طبیبؐ باقی رہ گیا ہے۔ جو سرورِ کائنات ہے۔ خیرالانبیاء ہے۔ رحمۃ للعالمین ہے۔ ہر نا اُمید اور مایوس العلاج انسان کا آخری سہارا اور آسرا ہے۔ کیوں نہ اس سراپا خیر و کرم کی طرف رجوع کروں۔ شاید میری مشکل آسان ہو جائے۔ اِس خیال کے آتے ہی بُوصَیری نے رونا شروع کر دیا۔ وہ روتا رہا۔ یہاں تک کہ اسی گریہ و زاری میں اس کی آنکھ لگ گئی۔ عالمِ خواب میں حضورِ اکرمؐ کی زیارت نصیب ہوئی تو بُوصَیری نے یہ قصیدہ پڑھنا شروع کر دیا۔ یہ قصیدہ پڑھتا رہا اور سرورِ عالم اس کے جسم پر ہاتھ پھیرتے رہے۔ قصیدے کے ۱۶۲ شعر ختم ہوئے۔ بُوصیری کی آنکھ کھل گئی۔ اُس نے دیکھا کہ بیماری کا نام و نشان تک موجود نہیں اور وہ ایسا تندرست ہے گویا یہ بیماری کبھی اس کو لاحق ہوتی ہی نہیں تھی۔ بُوصَیری خود لکھتے ہیں کہ یہ معاملہ میں نے کسی پر ظاہر نہ کیا۔ پھر اتفاقاً شیخ ابورجا سے مُلاقات ہوئی۔ فرمانے لگے آپ وہ قصیدہ مجھے دے دیں۔ جو آپ نے حضورؐ پاک کی نعت میں کہا ہے۔ مَیں نے کہا۔ کون سا قصیدہ؟ میں نے تو کئی قصیدے آنحضورؐ کی خدمت میں لکھے ہیں۔ شیخ نے فرمایا وہ قصیدہ جو "اَمِنْ تَذَکُّرِ" سے شروع ہوتا ہے۔ مَیں نے کہا کہ آپ کو کس طرح معلوم ہُوا؟ کہنے لگے مَیں نے گزشتہ رات تمہیں یہ قصیدہ سرورِ کائنات کے حضور میں پڑھتے دیکھا ہے۔ کیا یہ ٹھیک نہیں ہے کہ جس وقت تم قصیدہ پڑھ رہے تھے تو شہنشاہِ ہر دوسرا اِس طرح جھوم رہے تھے جس طرح ثمردار شاخیں بادِ صبا سے جھومتی ہیں"۔

یہ سُن کر بُوصیری نے اپنا قصیدہ اُن کے حوالے کر دیا۔ اور اس کے فوراً بعد یہ بات مُلک کے گوشے گوشے میں پھیل گئی۔ مُستند کتابوں میں بادشاہ ظاہر باللہ کا

اسے روزانہ سر اور پاؤں سے ننگے ہو کر ایک گھنٹے تک سنتے رہنا۔ اُس کے وزیر کا اندھے پن سے شفایاب ہو جانا اور اس قسم کی بہت سی باتیں لکھی ہیں۔ ان سے قطع نظر ہم قصیدے کی تلاوت کے آداب لکھتے ہیں :۔

۱۔ جس دن اس کا وظیفہ شروع کرنا ہو اُس دن حسب توفیق چند مستحق فقرا کو اچھا کھانا کھلا دیجئے۔ (۲) غسل کر کے صاف ستھرے کپڑے پہن کر، خوشبو لگا کر اور پاک جگہ پر گوشۂ تنہائی میں رو بقبلہ ہو کر پڑھئے (۳) الفاظ کی صحت اور اعراب کو ملحوظ رکھئے (۴) ہر شعر کے معنے اور مفہوم کو سمجھئے (۵) نظم کے انداز سے پڑھئے۔ (۵) زبانی یاد نہ ہو تو کتاب سے پڑھئے۔ پڑھنے کے دوران کوئی دنیاوی کام یا بات چیت نہ کیجئے، (۷) کسی صحیح عقیدہ بزرگ سے اجازت بھی لے لیجئے۔ (۸) شروع میں اور آخر میں نیچے لکھے ہوئے دو اشعار پڑھئے۔ (۹) ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک اس کا وظیفہ جاری رکھئے۔ روزانہ جہاں سے جہاں تک اس کو پڑھنا ہے اس کی نشان دہی کر دی گئی ہے۔

آخر میں ایک بار نہیں بلکہ لاکھوں بار میں اُس بارگاہ رب العزت کے آگے سجدہ ریز ہوتا ہوں جس کے حبیب ﷺ کی بے پایاں نوازشات نے مجھے صبر، حوصلہ اور استقامت بخشی کہ میں اس ناچیز کوشش کو پایۂ تکمیل تک پہنچا سکوں، اس کے بعد اپنے احبا، جناب الیاس عشقی صاحب، جناب ارشد ملتانی صاحب، جناب فائق صاحب اور فرحت ملتانی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اُن کے قیمتی مشوروں اور حوصلہ افزائی سے میں اس کام کو سر انجام دے سکا۔ میرے بیٹے مہر احمد سعید بھی میرے خاص شکریئے اور دُعا کے مستحق ہیں۔

میں اپنے بھائی خان صفدر اللہ خان صاحب کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے پوری دلچسپی لے کر مجھے کتابیں مہیا کیں اور میری ہمت بندھائی۔

مَیں اپنی بیٹی کا بھی ممنونِ احسان ہُوں۔ جنہوں نے فرہنگ مرتب کرنے کا مشورہ دیا اور مُسّودے کو پڑھا۔ کراچی ٹیلی ویژن سے تقریر کرنے والے نادیدہ دوست بھی میرے خاص شکریئے کے مستحق ہیں نیز مَیں جناب عبدُاللہ ہلال صدّیقی صاحب اور جناب علی محسن صدّیقی صاحب کے لئے بھی دست بدُعا ہوں۔ کہ اللہ تعالےٰ اُن پر رحمتیں نازل کرے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ مُنْشِی الْخَلْقِ مِنْ عَدَمٖ ثُمَّ الصَّلوٰۃُ عَلَی الْمُخْتَارِ فِی الْقِدَمٖ

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمٖ

عبدُالحق

ملتان، ۱۰ اپریل ۱۹۷۸ء

خواصِ قصیدۂ بُردہ

اِس قصیدۂ متبرکہ کے فضائل اور خواص اَن گنت بیان کئے گئے ہیں۔ اکثر بزرگانِ عُظّام نے اپنے ذاتی تجربے اور مشاہدے کی بنا پر قابلِ یقین شہادت بھی دی ہے۔ شرطِ افادیت یہ ہے کہ اُن آدابِ تلاوت کو ملحوظ رکھا جائے جن کا ذکر ابتدائی صفحات میں کیا گیا ہے۔ توحید و رسالت پر ایمان کامل ہو اور اکلِ حلال و صدقِ مقال کو لازم رکھا جائے تو خاطر خواہ نتائج ضرور مرتب ہوں گے۔ ہم ان تمام فضائل و خواص کا احاطہ تو نہیں کر سکتے۔ تاہم چند مُصدّقہ اور مجرّبہ باتیں مختصراً درج کرتے ہیں۔ مداومت کرنے والوں پر مزید اسرار خود بخود کھل جائیں گے۔

۱۔ یہ قصیدہ باآداب و بشرائط بالا پڑھنے والا شخص مرتبۂ ولایت تک پہنچ سکتا ہے اگر وہ اسے کم از کم اکتالیس ہفتے تنہائی میں یکسو ہو کر پورے جذب و انہماک کے ساتھ اور اندھیری جگہ میں پڑھے۔ حضرت صاحب سِنّھواگ (جناب غلام حسن صاحب گڑّے والے) جن کی اُنگلی کے اشارے سے ہی غیر مسلم کلمۂ طیّبہ پڑھنے لگ جاتے تھے۔ اِسی قصیدے کے عامِل تھے۔

۲۔ ایک مقررہ وقت پر ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھنے سے عمر میں برکت ہوتی ہے

۳۔ بلیات کے دفعیہ کے لئے اکہتّر مرتبہ پڑھے۔

۴۔ قحط کے دُور کرنے کے لئے تین سو مرتبہ

۵۔ تونگری اور غِنائے دُنیوی کے لئے سات سو مرتبہ

۶۔ ہر مشکل کام کی آسانی کے لئے سات سو اکہتّر مرتبہ

۷۔ کوئی بھی تکلیف یا مصیبت درپیش ہو اسے اکیس مرتبہ روزانہ پڑھے۔

۸۔ مقروض اسے ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالےٰ اُسے قرض سے نجات دے گا۔

۹۔ جائز مقاصد کی تکمیل کے لئے شب جمعہ کو اکتالیس مرتبہ خود پڑھئے یا کسی دُوسرے سے سُنئے جو اسے صحت کے ساتھ پڑھ سکتا ہو۔

۱۰۔ اس کے متواتر پڑھنے والے کو کبھی کوئی نقصان یا گزند نہیں پہنچے گا۔ انشاء اللہ

۱۱۔ پہلے تین اشعار ہرن کے چمڑے پر لکھ کر بازو پر باندھنے سے تقریر کی رُکاوٹ ختم ہو جاتی ہے۔

۱۲۔ شعر نمبر تین کوئی مصیبت زدہ پڑھتا رہے تو اُس کی مصیبت یقیناً رفع ہو جائیگی۔

۱۳۔ شعر نمبر پانچ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھتے رہئے تمام غم و آلام دُور ہو جائیں گے۔

۱۴۔ شعر نمبر چھ کو ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھئے اور اپنی حاجت کیلئے دُعا مانگئے۔

۱۵۔ شعر نمبر آٹھ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ پڑھئے گم شدہ چیز مل جائے گی۔

۱۶۔ شعر نمبر تیئیس ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھنے سے علم اور تقریر کا ملکہ حاصل ہوتا ہے

۱۷۔ شعر نمبر تیئیس اور چوبیس کو نماز جمعہ کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھئے۔ گناہوں سے محفوظ رہیں گے۔

۱۸۔ شعر نمبر چھتیس مقبول اور مستجاب شعر ہے ایک ہزار ایک مرتبہ ایک ہی جگہ بیٹھ کر پڑھئے۔ درمیان میں کوئی بات چیت نہ کیجئے۔ انشاء اللہ ہر مصیبت دُور ہو گی۔

۱۹۔ شعر نمبر اُنتالیس ہر حاجت کے لئے نماز کے بعد پانچ مرتبہ پڑھ لیا کیجئے۔

۲۰۔ شعر نمبر اسّی اکتالیس مرتبہ روزانہ اکتالیس دن تک پڑھتے رہنے سے ہر مصیبت رفع ہو جاتی ہے۔

۲۱۔ شعر نمبر بیاسی ہر نماز کے بعد پانچ مرتبہ پڑھنے سے تنگ دستی سے حفاظت ملے گی۔

۲۲۔ شعر نمبر ایک سو سولہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھئے، جائز ملازمت کا حصُول یقینی ہو جائیگا۔

۲۳۔ شعر نمبر ایک سو پینتالیس کا ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھنا جائز تجارت کے لئے نفع بخش ہے۔

۲۴۔ شعر نمبر ایک سو چھیالیس کا ہر وقت وِرد رکھنا بیماریوں سے شفایابی کا ضامن ہے۔

۲۵۔ شعر نمبر ایک سو پچپن اگر طالب علم باوضو گیارہ مرتبہ پڑھ کر امتحان میں بیٹھے تو انشاء اللہ

۲۶۔ شعر نمبر ایک سو اٹھاون ہر نماز کے بعد پانچ مرتبہ پڑھتے رہئے جائز منصب اور عہدہ حاصل ہو جائیگا۔

قصیدۂ بُردہ

مَتن و تراجم

نوٹ

ہر مرتبہ شروع اور آخر میں یہ شعر پڑھئے

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا

عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلْ فِیْ ذِکْرِ عِشْقِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

عربی متن ــــــــــــــــــــ

اَمِنْ تَذَکُّرِ جِیْرَانٍ بِذِیْ سَلَمِ ۱

مَزَجْتَ دَمْعًا جَرٰی مِنْ مُّقْلَۃٍ بِدَمِ

فارسی ترجمہ ــــــــــــــــــــ

آمدہ شاید بیادت دوستان ذی سَلَم

اَشکِ خُون آمیز از چشمت رواں گشتہ ہم

سِرائیکی ترجمہ ــــــــــــــــــــ

یاد کیتئ ذی سَلَم دے شاید اَجّ ہمسایاں کُوں

رَل گئی ہے ہنجُواں دے وِچ لہودی دھار کیُوں

اُردو ترجمہ ــــــــــــــــــــ

ذی سَلَم کے یاد آئے ہیں تُجھے ہمسائے کیا؟

کِس لئے ہے آنسوؤں میں خون شامل ہوگیا؟

انگریزی ترجمہ ــــــــــــــــــــ

1. Is it in remembrance of the friendly neighbours of Zee Salam that tears mingled with blood are trickling down from the corners of your eyes?

عربی متن ———

۲ اَمْ هَبَّتِ الرِّیْحُ مِنْ تِلْقَآءِ کَاظِمَۃٍ
اَوْ اَوْمَضَ الْبَرْقُ فِی الظَّلْمَاءِ مِنْ اِضَمِ

فارسی ترجمہ ———

یا زطرفِ کاظمہ بادی وزید وچہ عجب
گر بسرِ کوہِ اضم برقی درخشید بشب

سرائیکی ترجمہ

کاظمہ دے پاسوں یا وت آئیاں ہیلاں ٹھڈیاں
یا اِضم تے کالی رات وِچ چمکیاں ہِن بجلیاں

اُردو ترجمہ ———

آرہی ہیں کاظمہ سے یا ہوا کی خنکیاں
یا اندھیری رات میں چمکیں اضم پر بجلیاں

انگریزی ترجمہ ———

2. Or is it due to the winds blowing from the precincts of Kazima ? Or, perhaps lightning has flashed in pitch darkness on the mounts of Izam !

عربی متن

۳ فَمَا لِعَيْنَيْكَ إِنْ قُلْتَ اكْفُفَا هَمَتَا
وَمَا لِقَلْبِكَ إِنْ قُلْتَ اسْتَفِقْ يَهِمِ

فارسی ترجمہ

چیست چشمت را چو گوئی ضبط کن گریان شود
چیست قلبت را کہ گوئی "ہوش کن" حیران شود

سرائیکی ترجمہ

اکھیں کوں آہدیں نہ روو وہیادی رندیئں کیا تھئی
دل کوں جتلا آہدیں بس کر اُتلا بیا اے تڑپھدی

اُردو ترجمہ

منع کرتے ہو تو آنکھیں اور بھی ہیں اشکبار
ضبط کرتے ہو تو بڑھ جاتا ہے دل کا اضطرار

انگریزی ترجمہ

3. What has happened to your eyes? The more you ask them to stop weeping the more they shed tears! And, what has happened to your heart? The more you pacify it the more wild it becomes!

عربی متن

٤ أَيَحْسَبُ الصَّبُّ أَنَّ الْحُبَّ مُنْكَتِمٌ
مَا بَيْنَ مُنْسَجِمٍ مِّنْهُ وَمُضْطَرِمِ

فارسی ترجمہ

عاشق انگارد کہ رازِ عشق باشد در حجاب؟
در میانِ آتشِ دل سوز و چشمِ پُر ز آب؟

سرائیکی ترجمہ

شُعلے بھڑکن دِل وِچوں تے نیر اکھیں توں وَہن
کینویں آہدے عاشق اُوندے راز حُب دے لک گئن

اُردو ترجمہ

جَل رہا ہو سینہ اور آنکھوں سے ہوں آنسُو رواں
کیسے کہہ سکتا ہے عاشق رازِ اُلفت ہے نہاں؟

انگریزی ترجمہ

4. How can a lover say that his love has remained hidden from the people, when flames rise high from his heart and tears run down his cheeks so profusely ?

عربی متن ———

٥ لَوْلَا الْھَوٰی لَمْ تُرِقْ دَمْعًا عَلٰی طَلَلٍ
وَلَا اَرِقْتَ لِذِکْرِ الْبَانِ وَالْعَلَمِ

فارسی ترجمہ ———

حُبِ ہُودی بر طلل نگریستی دیوانہ وار
نی ترا بی خواب کردی یادِ سرو و کوہسار

سرائیکی ترجمہ ———

عِشق نُوھی تاں بھڑاں تے بَٹھا کیوں روندا ہیں توں
جاگداہیں یاد کر کر روہ کوں تے بان کوں

اُردو ترجمہ ———

حُب نہیں تو روتے ہو کیوں قریہ برباد میں؟
جاگتے رہتے ہو کیوں سرو و دمن کی یاد میں؟

انگریزی ترجمہ ———

5. Had you not been in love you would not have cried so bitterly over the ruins of deserted habitations. Nor would you have been moved to passion on the mention of the wild-growing BAN or of solitary hills and mountains.

عربی متن ——————

۶- فَكَيْفَ تُنْكِرُ حُبًّا بَعْدَ مَا شَهِدَتْ
بِهٖ عَلَيْكَ عُدُوْلُ الدَّمْعِ وَالسَّقَمِ

فارسی ترجمہ ——————

از چہ انکارِ محبّت؟ چوں گواہی می دہند
شاہدِ عادل، کہ اشکِ چشم و جسم ولاغر اند

سرائیکی ترجمہ ——————

عشق توں انکار دی نہیں رہ گئی ہُنڑ کائی جاہ
تر بتر اکھیں تے مریل جسم ہن سچے گواہ

اُردو ترجمہ ——————

عشق سے اِنکار کی اب کیا رہی ہے کوئی راہ؟
زرد چہرہ اور آنسو دونوں ہیں سچے گواہ

انگریزی ترجمہ ——————

6. How can you deny being in love when two most reliable witnesses——the ever-flowing tears and your cadaverous cheeks——have deposed so clearly against you?

عربی متن

وَاَثْبَتَ الْوَجْدُ خَطَّی عَبْرَةٍ وَّضَنیً
۷۔ مِثْلَ الْبَهَارِ عَلیٰ خَدَّیْکَ وَالْعَنَمِ

فارسی ترجمہ

غمؔ دو خطِ اشکؔ بیماری بہ رُخسارت کشید
چون گُلِ زرد و گیاہِ سُرخ این آمد پدید

سرائیکی ترجمہ

مُکھ تے ہنجوں تے پلتّنڑ ڈُو لکیراں غم دیاں
پیلے پھُل تے ڈیلھے گلھاں تیڈیاں تُوں ہن عیاں

اُردو ترجمہ

لال پیلی دو لکیریں غم کی ہیں رُخ سے عیاں
یا گلابِ زرد یا شاخِ عنم کی سُرخیاں

انگریزی ترجمہ

7. The blood-red tears and the paleness of your cheeks are two fixed lines of grief and anguish drawn on your face. They look like the wild yellow rose and the red-fruit-tree of the deserts.

عربی متن

نَعَمْ سَرٰی طَیْفُ مَنْ اَھْوٰی فَاَرَّقَنِیْ

۸۔ وَالْحُبُّ یَعْتَرِضُ اللَّذَّاتِ بِالْاَلَمِ

فارسی ترجمہ

آری آمد یادِ محبُوبم بشب بی خواب کرد

عِشق در لذّات حائل می کند صد رنج و درد

سِرائیکی ترجمہ

ٹھیک ئے نِنْدر اُکھڑ گیئم آیا جو دلبر دا خیال

عِشق خوشیاں کوں بدل ڈیندا ہے ڈُکھ تے مُونجھ نال

اُردو ترجمہ

ہاں میں جاگ اُٹھا مجھے جب آیا دلبر کا خیال

عِشق خوشیاں چھین کر دیتا ہے کیا رنج و مَلال

انگریزی ترجمہ

8. Ah yes, it is true that the remembrance of One whom I love most has kept me awake for nights and nights on. Love, without doubt, turns delights into woes and sorrows !

عربی متن

9 يَا لَائِمِي فِي الْهَوَى الْعُذْرِيِّ مَعْذِرَةً
مِنِّي إِلَيْكَ وَلَوْ أَنْصَفْتَ لَمْ تَلُمِ

فارسی ترجمہ

من بعشق عذریم، معذور دار ای ناصحا
گر ترا انصاف باشد از ملامت باز آ

سرائیکی ترجمہ

عشق وچ عذری جواناں وانگ میں معذور رہاں
ڈے نہ مہنڑیں اے ملامت گر ہوں مجبور رہاں

اردو ترجمہ

اے ملامت گر میں ہوں اس عشق میں بے اختیار
ہوتا اگر منصف تو یوں مجھ کو نہ کرتا شرمسار

انگریزی ترجمہ

9. Excuse me, O my censurer, for my love which is like the love of the Uzri youths who pined away in the very prime of their youth but faltered not. Be fair and just to me and reproach me not so harshly.

عربی متن ــــــــــــ

۱۰ عَدَتْكَ حَالِی لَاسِرِّی بِمُسْتَتِرٍ
عَنِ الْوُشَاةِ وَلَا دَآئِی بِمُنْحَسِمِ

فارسی ترجمہ ــــــــــــ

حال من از تو گذشتہ رفت با ہر نیک و بد
نی زغمّازاں نہاں راز است و نی دردم رَوَد

سِرائیکی ترجمہ ــــــــــــ

حَال میڈا ہر کہیں تے کھُل چُکے اے نکتہ چیں
ناں اے وینّدے روگ ناں اے راز لُک سگدا ہِمیں

اُردو ترجمہ ــــــــــــ

تُجھ سے آگے حاسدوں تک جا چکا جب ماجرا
کیا چھُپے گا راز! درد و غم بھی گھٹنے سے رہا

انگریزی ترجمہ ــــــــــــ

10. This *affaire de coeur* of mine has now passed on from you to others. Ah ! this secret of mine cannot remain hidden, nor my ailment get relieved.

عربی متن

۱۱۔ مَحَضْتَنِی النُّصْحَ لٰکِنْ لَّسْتُ اَسْمَعُهٗ
اِنَّ الْمُحِبَّ عَنِ الْعُذَّالِ فِیْ صَمَمٖ

فارسی ترجمہ

پَند دادی خاص لیکن گوشم این را نشنوَد
گوش عاشق از مَلامت گر ہمیشہ کرّ بُود

سرائیکی ترجمہ

مَت ڈتی ہی میکوں میں تاں کجھ نھیں سُنڑناں ناصحا
عاشق ءِ ن ڈورے مَلامت دے سُنڑن کیتے سَدا

اُردو ترجمہ

صَاف تھی تیری نصیحت میں نہ اُس کو سُن سکا
کیا سُنے عاشق مَلامت وہ ہے بہرا بن گیا

انگریزی ترجمہ

11. You have given me good advice and so sincerely. But how can I listen to it? Lovers are always deaf towards their censurers!

عربی متن

۱۲۔ اِنِّی اتَّھَمْتُ نَصِیْحَ الشَّیْبِ فِیْ عَذَلِیْ
وَالشَّیْبُ اَبْعَدُ فِیْ نُصْحٍ مِّنَ التُّھَمٖ

فارسی ترجمہ

پندِ پیری را گمان کردم کہ باطل است و خام
گرچہ پیری پاک باشد از دروغ و اتّہام

سرائیکی ترجمہ

ہے بُڈھیپے دی نصیحت پاک ہر تہمت کنوں
کُوڑ جاتُم چا ملامت کُوں تے ایندے وعظ کُوں

اردو ترجمہ

بے شُبہ اِک سچّا ناصح ہے بڑھاپا بھی مگر
مَیں نے رَد کر دی مَلامت اُس کو جھوٹا جان کر

اردو ترجمہ

12. I have falsified the reproaches and timely warnings even of my old age, though I know that agedness itself is undoubtedly a truthful adviser.

اَلْفَصلُ الثّانِی فِی التَّحْذِیرِ مِنْ هَوَی النَّفْسِ

عربی متن

فَاِنَّ اَمَّارَتِی بِالسُّوٓءِ مَا اتَّعَظَتْ
۱۳- مِنْ جَهْلِهَا بِنَذِیرِ الشَّیْبِ وَالْهَرَمِ

فارسی ترجمہ

نفسِ امّارہ نکردہ وعظِ پیری را قبول
انتباہِ شَیب را ہم مُسترد کرد ایں جہول

سرائیکی ترجمہ

نفسِ امّارے جہالت توں نہ کِتی عبرت گھِدی
ناں کیتس پروا بڈھیپے دی کہیں تنبیہہ دی

اُردو ترجمہ

نفسِ سرکش نے نہ لی عبرت جہالت کے سبب
تھیں اگرچہ صاف و واضح اس کی تنبیہات سب

انگریزی ترجمہ

13. Verily my overbearing SELF that bids for evil deeds paid no heed to the warnings of either the old age or of decrepitude on account of its stupidity and arrogance.

عربی متن

وَلَا اَعَدَّتْ مِنَ الْفِعْلِ الْجَمِيْلِ قِرٰى

ضَيْفٍ اَلَمَّ بِرَأْسِیْ غَيْرُ مُحْتَشِمِ ۱۴

فارسی ترجمہ

بہرِ مہمانی کہ بر سر آمدہ ناخواستہ

دعوتِ اعمالِ نیکو این نہ ہیچ آراستہ

سرائیکی ترجمہ

میڈے سِر تے اَنڑ سڈیا اَنڑ بھاندا مہمان آگیا

نیک عمل اُس تُس نہ کیتی ڈاڈھا بے مہتا تھیا

اُردو ترجمہ

سَر پہ یہ مہماں اچانک بن بلائے آگیا

نیک عمل سے کچھ تواضع میں نہ اِس کی کرسکا

انگریزی ترجمہ

14. Nor did it entertain the un-invited guest that had settled on my head unexpectedly, with a feast of good deeds !

عربی متن

۱۵ لَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ اَنِّیْ مَا اُوَقِّرُہٗ
كَتَمْتُ سِرًّا بَدَا لِیْ مِنْہُ بِالْكَتَمِ

فارسی ترجمہ

گر بُدی علمم نخواہم کردمن توقیرآن،
رازیکہ ظاہر نمود ازوسمہ می کردم نہان

سرائیکی ترجمہ

جانڑدُم جیکر جو اے بے وقرا تھیسی میں کنُوں
چاکیندُم کالی مہندھی نال ایندے رازکوں

اُردو ترجمہ

جانتا گر میں کروں گا کچھ نہ اُس کا احترام
وسمے ہی سے رازیں اس کے چھپا لیتا تمام

انگریزی ترجمہ

15. Had I known that I would not pay reverence to this guest I would have concealed all his secrets by applying herbal dyes.

عربی متن ———

مَنْ لِیْ بِرَدِّ جِمَاحٍ مِّنْ غَوَایَتِهَا
۱۶ كَمَا يُرَدُّ جِمَاحُ الْخَيْلِ بِاللُّجُمِ

فارسی ترجمہ ———

کیست تا این سرکش و گمراہ را آرد بہ دام
ہمچنان کہ اسپِ سرکش رام گردد از لگام

سرائیکی ترجمہ ———

کون تے جو ایں رہ بُھلنڈر نفس کوں کرڈیوے رام
جیویں کہیں مُنہ زور گھوڑے کوں ڈِویندی ہے لگام

اُردو ترجمہ ———

کون ہے جو نفسِ سرکش کو بنا ڈالے غلام
جس طرح کہ دیتے ہیں منہ زور گھوڑے کو لگام

انگریزی ترجمہ ———

16. Who would, then, stop this unruly **SELF** of mine from refractoriness just as a wild horse is girdled and brought under control ?

عربی متن

فَلَا تَرُمْ بِالْمَعَاصِی کَسْرَ شَهْوَتِهَا

۱۷ اِنَّ الطَّعَامَ یُقَوِّیْ شَهْوَةَ النَّهِمِ

فارسی ترجمہ

در معاصی کسرِ شہوتہائی نفسانی مجو

از طعام خوش حریصان را قوی است آرزو

سرائیکی ترجمہ

اے نہ سمجھو جو گناہاں نال گھٹدین خواہشاں

پیٹو دی تاں تبی زیادہ بکھ ودھیندے کھانوڑاں

اردو ترجمہ

خواہشوں کا توڑ تو ہرگز گناہوں سے نہ کر،

لالچی کی اشتہا کھانوں سے ہوگی تیز تر

انگریزی ترجمہ

17. Appease not the ill-desires of your virile SELF by committing more sins because delicious foods flare up the appetite of a voracious glutton.

عربی متن

وَالنَّفْسُ کَالطِّفْلِ اِنْ تُھْمِلْہُ شَبَّ عَلٰی
۱۸ حُبِّ الرِّضَاعِ وَاِنْ تَفْطِمْہُ یَنْفَطِمِ

فارسی ترجمہ

نفس ہم چوں طفل باشد تا جوانی شیر خوار
گر ورا تو باز داری دور باشد از کنار

سرائیکی ترجمہ

نفس اَمّارہ داوی ہے شِیر خواراں دے حساب
تھنج چھڑا ڈیو چھوڑ ڈیسن نھیں تاں پیسن تا شباب

اُردو ترجمہ

نفس بچّہ ہے اسے حُبِّ رضاعت سے چھُڑا
ورنہ اس میں تا جوانی مُبتلا رہ جائے گا

انگریزی ترجمہ

18. The SELF is like a suckling babe. If you let it suckle for as long as it wishes it will continue till maturity. But if you wean it away on the proper time it will give up the habit soon.

عربی متن

فَاصْرِفْ هَوَاهَا وَحَاذِرْ اَنْ تُوَلِّيَهٗ

١٩ اِنَّ الْهَوٰى مَا تَوَلّٰى يُصْمِ اَوْ يَصِمِ

فارسی ترجمہ

پس بگردان از ہوا و ز طاعتش خائف بشو

طاعتش قتلت کُند یا عیب دار ازاین رہ مرد

سرائیکی ترجمہ

سَٹ بنھیپے ایندے کُوں تے دل دے بَھیّے چھوڑ ڈے

یا تاں بَجّ لا ڈیسیا یا اَصلُوں ڈیسی مار اے

اُردو ترجمہ

خواہشوں پر نفسِ طامع کو نہ ہونے دے سوار

طاعت اس کی مار دے گی یا کرے گی عیب دار

انگریزی ترجمہ

19. Turn it off then, from all evil desires. Let it not overpower you. He who subordinates himself to it is either given a fatal blow or is blemished for ever.

عربی متن

وَرَاعِهَا وَهْىَ فِى الْاَعْمَالِ سَآئِمَةٌ

٢٠ وَاِنْ هِىَ اسْتَحْلَتِ الْمَرْعٰى فَلَا تُسِمِ

فارسی ترجمہ

ہم چو راعی در چراگاہِ عمل این را گزار

ور گیاہ شیرین بداند از چریدن باز دار

سرائیکی ترجمہ

نیک عملاں ڈی چراندھ وچ چھوڑ کے وی اگھڑ کھس

روک گھن لیندا چرنڑ جے گھا بھانوڑ لگ ونجس

اُردو ترجمہ

ہاں چراگاہِ عمل میں بھی چرا لے تو اسے

گھاس میں لذت اسے آئے تو فوراً روک لے

انگریزی ترجمہ

20· **Also watch it carefully while it is grazing in the pasture of good deeds. Let it not feed any more if it begins to relish it.**

عربی متن ______

۲۱ کَمْ حَسَّنَتْ لَذَّةً لِلْمَرْءِ قَاتِلَةً

مِنْ حَيْثُ لَمْ يَدْرِ اَنَّ السَّمَّ فِي الدَّسَمِ

فارسی ترجمہ ______

پیشِ تو لذّاتِ مُہلک را نماید خوش نظر

در طعامِ چرب سمّ قاتل است ای بی خبر

سرائیکی ترجمہ ______

لذّتاں مُہلک کوں اے سنّور اٹھا ڈِکھلیسیا

روغنی کھانڑیاں دے وِچ اے زہرِ قاتل ڈیسیا

اُردو ترجمہ ______

خواہشوں کو یہ سجا کر پیش کرتا ہے سدا

روغنی کھانوں میں ناداں زہر دیتا ہے ملا،

انگریزی ترجمہ ______

21. Most often it presents to you deadly pleasures in fascinating manner while he knows not that fatty meals often contain poison.

عربی متن ____________

وَاخْشَ الدَّسَائِسَ مِنْ جُوعٍ وَّمِنْ شِبَعٍ ۲۲
فَرُبَّ مَخْمَصَةٍ شَرٌّ مِّنَ التُّخَمِ

فارسی ترجمہ ____________

از دسیسہ کاری فاقہ وسیری کُن حذر
بیشتر فاقہ بُود بدتر ز تخمہ در ضرر

سرائیکی ترجمہ ____________

ڈھیر بکھ تے ڈھیر رج ڈوہاں دی مکاری توں ڈر
بُکھ ہمیشہ رج کنوں وی ودھ کے ڈیندی ہے ضرر

اُردو ترجمہ ____________

فاقہ ہو یا سیری ان دونوں کے مکروفن سے ڈر
ہے شکم سیری سے بدتر فاقہ مستی کا ضرر

انگریزی ترجمہ ____________

22. Have fear of the secret intrigues of both starvation as well as over - satiation, though stravation has always proved more harmful than stomach disorder.

عربی متن

وَاسْتَفْرِغِ الدَّمْعَ مِنْ عَيْنٍ قَدِ امْتَلَأَتْ
مِنَ الْمَحَارِمِ وَالْزَمْ حِمْيَةَ النَّدَمِ ۲۳

فارسی ترجمہ

اشک ریز و پاک شو چشمت کہ پُر شد از حرام
بر ندامت باش قائم گریہ کُن بالالتزام

سرائیکی ترجمہ

پاک کر اکھیں گناہاں توں تے بیہہ ہنجوں وہا
پکّارہ کے ایں ندامت کوں گناہاں توں بچا

اُردو ترجمہ

پُر گنہ آنکھوں کو اب تو آنسوؤں سے پاک کر
ہو کے نادم خُوب رو اور پکّا رہ پرہیز پر

انگریزی ترجمہ

23. Shed tears then, so copiously that no more tears are left in your eyes. Let your eyes be washed clear of all the obnoxious dirt of the prohibited sins. Now remain firm on your repentence and observe complete abstinence.

عربی متن

وَخَالِفِ النَّفْسَ وَالشَّيْطَانَ وَاعْصِهِمَا آغاز

۲۴ وَإِنْ هُمَا مَحَضَاكَ النُّصْحَ فَاتَّهِمِ بروز شنبه

فارسی ترجمہ

نفس و شیطان را عدو دان وز اطاعت باش دور

در نصیحت میکنندت این بدان ہم مکر و زور

سرائیکی ترجمہ

نفس تے شیطان دشمن ہن نہ گالھ انہاں دی مَن،

جیکر آکھن خیر خواہ ہیں، تاں وی جانڑیں مکر و فن،

اردو ترجمہ

نفس و شیطان دونوں دشمن ہیں نہ کہنا ان کا مان

ناصح مشفق جو بن کر آئیں تو بھی جھوٹ جان

انگریزی ترجمہ

24. Oppose vehementy both 'THE SELF' and 'THE SATAN' and resist all their temptations. Condemn them with rebukes and reproaches if they profess to be your sincere well-wishers

عربی متن

۲۵ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمَا خَصْمًا وَّلَا حَكَمًا
فَاَنْتَ تَعْرِفُ كَيْدَ الْخَصْمِ وَالْحَكَمِ

فارسی ترجمہ

یا حُکَم یا خصم باشند ترک کُن فرمانِ شان
زانکہ دانی چیست کیدِ خصم و مکرِ ثالثان

سرائیکی ترجمہ

ڈوہاں دی طاعت نہ کر، ہک ثالث ہیا دُشمنے
دُشمناں تے ثالثاں دی جانڑدیں کیا چال ہے

اُردو ترجمہ

دونوں کی طاعت ہے تیری ذات پر جور و ستم
دیکھ اِن کے مکر کو، اک ہے مخالف اک حَکَم

انگریزی ترجمہ

25. They present themselves to you in the garb of either mutual enemies or arbitrators. Disobey them in both these capacities as you know fully well what the stratagem of enemies and arbitrators usually are!

عربی متن

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مِنْ قَوْلٍ بِلَا عَمَلٍ
۲۶ لَقَدْ نَسَبْتُ بِہٖ نَسْلاً لِّذِیْ عُقُمٍ

فارسی ترجمہ

مَن پناہ جویم زحق از قول ہائی بی عمل
از عقیمہ خواستن اَولاد، باشد بی محل

سِرائیکی ترجمہ

اِینْویں قولِ بے عمل میڈا ہے اللہ دی پناہ
جِلنْویں سَنْڈھ عورت کنوں رکھے کوئی بالاں دی چاہ

اُردو ترجمہ

مُجھ کو قولِ بے عمل سے اے میرے اللہ بچا
بانجھ عورت سے رکھوں اولاد کی اُمّید کیا

انگریزی ترجمہ

26. God protect me from preaching what I practise not myself. It is like expecting issues from sterile persons.

عربی متن ——————

۲۷ اَمَرْتُكَ الْخَيْرَ لٰكِنْ مَّا أْتَمَرْتُ بِهٖ
وَمَا اسْتَقَمْتُ فَمَا قَوْلِيْ لَكَ اسْتَقِمٖ

فارسی ترجمہ ——————

"نیک شو" گویم ترا لیکن نہ خُود فرمان برم
راستی معنی چہ دارد؟ راست رَو گر خُود نیَم

سرائیکی ترجمہ ——————

تیکُوں آہداں نیک بنڑ لیکن مَیں خُود بدکاراں
شرم آندِم جے نہ آپڑیں قول تے قائم رہاں

اُردو ترجمہ ——————

تجھ سے کہتا ہوں کہ نیکی کر مَیں خُود بدکار ہوں
راستہ سیدھا ہے کیا گر میں نہ خُود اس پہ چلوں

انگریزی ترجمہ ——————

27. I demand good actions from you but I follow not my own dictates. O, what can firmness mean if I am not myself firm on what I preach to others!

عربی متن

۲۸ وَلَا تَزَوَّدْتُ قَبْلَ الْمَوْتِ نَافِلَةً
وَلَمْ اُصَلِّ سِوٰی فَرْضٍ وَلَمْ اَصُمِ

فارسی ترجمہ

اُفّ! نہ کردم نافلہ را زادِ رہ قبل از ممات
فرض بُودی گر اَدا از مَن شُدی صَوم و صلوات

سِرائیکی ترجمہ

مَوت توُں پہلے نہ کیتم نیک عمل کجھ وی بیا
جے اَدا روزے نمازاں تھیں، اتے ہاں فرض ہا

اُردو ترجمہ

مَوت سے پہلے نوافِل سے نہ دامن بھر سکا
تھے نماز و روزہ کیا، اِک فرض ادا میں نے کیا

انگریزی ترجمہ

28. Alas I did not manage to collect any additional virtue before my death. If I have offered prayers or fasted, well, it was just a duty that I performed.

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ فِی بَیَانِ الْمَدَائِحِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ

عربی متن ______

ظَلَمْتُ سُنَّۃَ مَنْ اَحْیَا الظَّلَامِ اِلٰی

۲۹ اَنِ اشْتَکَتْ قَدَمَاہُ الضُّرَّ مِنْ وَرَمٖ

فارسی ترجمہ ______

سُنّتش کردم قضا کو داد شب ہا را حیات

وز عبادت متورم می شد قدوم پاک ذات

سرائیکی ترجمہ ______

جیں اندھاریاں کوں جوایا اوندی سُنّت ناں تھئی

سخت عبادت نال جیندے پیراں تے سوج آگئی

اُردو ترجمہ ______

سُنّت اُن کی چھُٹ گئی جن کو کہیں شب زندہ دار

سُوج جلتے تھے مُبارک پاؤں اُن کے بار بار

انگریزی ترجمہ ______

29. How sad that I abondoned the tradition of one who gave new life to the darkness of nights by observing strenuous worships. His feet complained of pain and swellings.

عربی متن

۳۰ وَشَدَّ مِنْ سَغَبٍ اَحْشَاءَهٗ وَطَوٰی
تَحْتَ الْحِجَارَةِ کَشْحًا مُّتْرَفَ الْاَدَمِ

فارسی ترجمہ

پارچہ پیچیدہ وقتِ فاقہ بر جوفِ شکم
آنکہ بر پہلوئی نازک بستہ بودی سنگ ہم

سرائیکی ترجمہ

ڈِھڈھ تے چا پتھر بدھے او ذاتِ اقدس تے شریف
بُکھ کنوں چا کسے اپڑاں پاسا نازک تے لطیف

اُردو ترجمہ

سخت فاقوں میں بھی جس نے کس لیا تھا پیٹ کو
پہلوئے نازک پہ باندھے آپ نے پتھر بھی دو

انگریزی ترجمہ

30 And he tied up his belly tightly during starvation. Also he wound up so delicate skin of his sides and placed rough stones underneath the wrappings.

عربی متن ——————

۳۱ وَرَاوَدَتْهُ الْجِبَالُ الشُّمُّ مِنْ ذَهَبٍ
عَنْ نَفْسِهٖ فَاَرَاهَا اَيَّمَا شَمَمٖ

فارسی ترجمہ ——————

خواست کہ مائل کند آن کوہِ زرّینِ بلند!

لیک استغنائی حضرت کرد این را ناپسند

سرائیکی ترجمہ ——————

سونے دے اُچے پہاڑ آئے کرنڑ مائل ضرور

صدقے استغنا دے کیتی کجھ نہ پرواہ آنحضور

اُردو ترجمہ ——————

کوہِ زر کی بھی نگاہوں میں کوئی وقعت نہ تھی

واہ استغنا کہ حضرت نے ذرا پروانہ کی

انگریزی ترجمہ ——————

31. Lofty mountains of gold tried to induce him but his superciliousness cared not for the offer.

عربی متن ______

وَكَدَّتْ زُهْدَهٗ فِيْهَا ضَرُوْرَتُهٗ
۳۲ اِنَّ الضَّرُوْرَةَ لَا تَعْدُوْا عَلَى الْعِصَمِ

فارسی ترجمہ ______

پُختہ تر شُد از ضُرورت زُہدِ آن عالی جناب
گی شُدی مغلُوبِ حاجاتِ جہان عصمت مآب

سِرائیکی ترجمہ ______

دُنیاداری دی ضرورت پکا کیتا زُہد کُوں
آپ دِی عصمت کینّویں مغلُوب تھیندی ایں کنُوں

اُردو ترجمہ ______

حاجتیں زُہدِ نبیؐ کو اور محُکم کر گئیں
عصمتِ حق پر ہوں غالب حاجتیں، ممکن نہیں

انگریزی ترجمہ ______

32. His worldly needs intensified his abstinence all the more. In fact, worldly needs cannot overcome divine chastity in any manner.

عربی متن

وَكَيْفَ تَدْعُوْا اِلَى الدُّنْيَا ضَرُوْرَةُ مَنْ

۳۳ لَوْلَاهُ لَمْ تَخْرُجِ الدُّنْيَا مِنَ الْعَدَمِ

فارسی ترجمہ

سوئی دُنیا چون تواند خواند او را حاجتی ؟

گر نبودی او جہان ہم از عدم کی آمدی ؟

سرائیکی ترجمہ

دُنیا دیاں لوڑھاں دی عوت کینویں منّے پاک ذات

جے نہ ہوندے آپ تاں ہوندی نہ ساری کائنات

اُردو ترجمہ

اپنی جانب کر سکیں مائل نہ دُنیا داریاں

گر نہ ہوتے آپ تو ہوتے نہ یہ دونوں جہاں

انگریزی ترجمہ

33. How could the worldly needs allure him towards this material world? For, he is one that if he had not come into being the entire universe would not have made appearance from nonenity.

عربی متن

مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ
۳۴ وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمِ

فارسی ترجمہ

آن محمدؐ سرورِ کونین و جنّ و انس ہم
بہترِ خلقِ دو عالم، سیّدِ عرب و عجم

سرائیکی ترجمہ

ڈو جہاناں دا ہے سرور، او محمدؐ محترم
جیندے تابع جن تے آدم، سب عرب تے سب عجم

اردو ترجمہ

آپؐ ہیں حضرت محمدؐ سرورِ ہر دو سرا
آپؐ ہیں عرب و عجم جنّ و بشر کے پیشوا

انگریزی ترجمہ

34. He is Muhammad (Peace be upon him) the lord of both the worlds, the lord of men and all the hidden powers, the lord of the Arabs and the lord of the rest of the world.

عربی متن

٣٥ نَبِيُّنَا الْآمِرُ النَّاهِيْ فَلَا أَحَدٌ
أَبَرَّ فِيْ قَوْلِ لَا مِنْهُ وَلَا نَعَمِ

فارسی ترجمہ

آمر و ناہی نبودہ در جہان، مثلش نبی،
صادق است ہر قول اُو، اثبات باشد یا نفی

سرائیکی ترجمہ

ایں جہاں کوئی نہیں بیا آمر و ناہی نبی
"ہاتے نہ" آکھنڑ دے وچ اوحد کنوں سچا ہوی

اُردو ترجمہ

آپ جیسا آمر و ناہی نہیں کوئی نبی
سچے ہیں ہر قول میں ایجاب ہو چاہے نفی

انگریزی ترجمہ

35. Our Prophet (Peace be upon him) commands us toward virtue and prohibits us from committing vicious deeds. None equals him in truthfulness of his 'ayes' and 'nays'.

عربی متن

هُوَالْحَبِيْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُهٗ
٣٦ لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحِمٖ

فارسی ترجمہ

اُو حَبیب است ازو داریم چشمِ التفات
در بلائی ناگہان و در جمیعِ حادِثات

سرائیکی ترجمہ

ہے حَبیب اے ہر مُصیبت والے دی اُمّید گاہ
ہے شفیع تے ناگہانی آفتاں کیتے پناہ

اُردو ترجمہ

آپؐ ہیں محبُوبِ حق اور شافِعِ روزِ جزا
ناگہانی آفتوں میں آپؐ کا ہے آسرا

انگریزی ترجمہ

36. He is our Dear Darling to whom hopes can look forward for succour and redress in all befallings, calamities and sudden frights.

عربی متن

دَعَا اِلَی اللّٰہِ فَالْمُسْتَمْسِکُوْنَ بِہٖ

۳۷ مُسْتَمْسِکُوْنَ بِحَبْلٍ غَیْرِ مُنْفَصِمٖ

فارسی ترجمہ

خواند مارا سُوئے حق وہر استِمساک کرد

حبلِ مُحکم را گرفت، از بیم دل را پاک کرد

سِرائیکی ترجمہ

حق دے پاسے آؤ انہاں آکھیا لوکاں تئیں!

جیڑھے آگئے اُنھاں نپّی لاں٘ہہ جو ترُٹدی نہیں

اُردو ترجمہ

جانبِ اللہ جو بھی چل دیا ہے بالیقیں

تھام لی ہے اُس نے وہ رسّی جو ٹوٹے گی نہیں

انگریزی ترجمہ

37. He called the people toward Allah. Those who attached themselves firmly to him, in fact, held on a strong unbreakable rope.

عربی متن

فَاقَ النَّبِیّٖنَ فِیْ خَلْقٍ وَّفِیْ خُلُقٍ
۳۸ وَلَمْ یُدَانُوْہُ فِیْ عِلْمٍ وَّلَا کَرَمٍ

فارسی ترجمہ

از ہمہ پیغمبران فائق بخلق و خُلق ہم
ہم سرش ہرگز نبودہ است در علم و کرم

سرائیکی ترجمہ

حُسنِ صورت حُسنِ سیرت کل نبیاں توں بُلند
ناں کوئی علم و کرم وچ آپؐ جیہاں ارجمند

اُردو ترجمہ

کُل نبیّوں سے ہے فائق آپؐ کا خُلق و جمال
آپؐ کے علم و سخاوت کی نہیں کوئی مثال

انگریزی ترجمہ

38. In perfections of external and internal beauties he surpasses all other Prophets. None reaches the summits of either his knowledge or his generosity.

عربی متن

وَكُلُّهُمْ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ مُلْتَمِسٌ

۳۹ غَرْفًا مِنَ الْبَحْرِ اَوْ رَشْفًا مِّنَ الدِّيَمِ

فارسی ترجمہ

از رسُول اللہ ہستند مُلتمس کُل انبیاء

بہر یک کف از سمندر یا نم از ابرِ سخا

سرائیکی ترجمہ

کُل نبی اللہ دے بس اِتلا کجھ ہن چاہندے

ایں جھڑی توں قطرہ یا گُھٹ ہِک سمندر توں مِلے

اُردو ترجمہ

ایک جرعہ مانگیں گے بحرِ کرم سے سب نبی

یا رسُول! ابرِ کرم سے ایک قطرہ ہی سہی

انگریزی ترجمہ

39. All the Holy Prophets beg for a drop from this ocean of generosity or just a small sipping from this continuous downpour of benevolence.

عربی متن ــــــــــــــــــ

۴۰ وَوَاقِفُوْنَ لَدَيْهِ عِنْدَ حَدِّهِمِ
مِنْ نُقْطَةِ الْعِلْمِ اَوْمِنْ شَكْلَةِ الْحِكَمِ

فارسی ترجمہ ــــــــــــــــــ

از حدودِ خود شدند آگاہ پیشِ این جناب
وی نقاط و علم این، اعراب آن ہا این کتاب

سرائیکی ترجمہ ــــــــــــــــــ

واقف اپڑیں حد کنوں سارے پیمبرؑ آتھن
